نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ازبکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کا لاہور کا دورہ

ازبکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کے دورے کا مقصد زرعی شعبہ میں باہمی تعاون بڑھانا ہے۔

لاہور **05** جولائی **2026**: ازبکستان کے اعلیٰ سطحی وفد سے زراعت و لائیوسٹاک بارے اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ میٹنگ میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سیکرٹری لائیوسٹاک احمد عزیز تارڑ اور ازبکستان کے سفیر نے شرکت کی، جبکہ وفد میں ازبکستان کے سرمایہ کار اور ماہرین شامل تھے۔ازبکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کے دورے کا مقصد زرعی شعبہ میں باہمی تعاون بڑھانا ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پاکستان میں زراعت کا جی ڈی پی میں 25 فیصد حصہ ہے جبکہ پاکستان کی برآمدات میں 70 فیصد حصہ زراعت اور اس کی مصنوعات کا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کا ملکی مجموعی زرعی پیداوار میں 70 فیصد حصہ ہے۔ پنجاب سے آم اور کنو کی پراسیسنگ، ویلیو ایڈیشن اور برآمدات کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کی زراعت کو موسمیاتی تبدیلیوں اور پانی کی قلت جیسے چیلنجز درپیش ہیں جبکہ فارم کی پیداوار اور کسانوں کا منافع بڑھانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ زرعی تحقیق اور جدید مشینری میں سرمایہ کاری سے زراعت کو ٹرانسفارم کیا جا رہا ہے اور ویلیو ایڈیشن، اسٹوریج اور ویلیو چین پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ زراعت و لائیوسٹاک کے شعبوں میں بہتری کے لیے پنجاب اور ازبکستان کے مشترکہ ورکنگ گروپس تشکیل دیے گئے ہیں۔

اجلاس کے دوران سیکرٹری لائیوسٹاک احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ صوبہ پنجاب کل ملکی پیداوار کا 60 فیصد دودھ اور 65 فیصد گوشت پیدا کرتا ہے۔ ازبک وفد نے کہا کہ پنجاب سے زندہ جانوروں اور حلال گوشت کی درآمد کی جائے گی جبکہ پروٹین کی ضروریات پوری کرنے کیلئے الفا الفا چارہ درآمد کیا جائے گا۔چیئرمین کونسل آف منسٹرز قراقلپاقستان ارمانوف فرہود اور ازبائیووچ نے کہا کہ زرعی سائنسدانوں کے تجربات، استعداد کار اور فنی مہارتوں میں اضافہ کیلئے بھرپور تعاون کیا جائے گا۔ چیئرمین کونسل آف منسٹرز قراقلپاقستان نے مزید کہا کہ پنجاب کے فارمرز کو ازبکستان میں زرعی و لائیوسٹاک فارمنگ کے لیے زمین اور دیگر سہولیات فراہم کریں گے۔

اجلاس کے اختتام پر ازبک وفد کو سیکرٹری زراعت پنجاب نے یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں۔

☆☆☆☆